اور ردّ مذہب شیعہ پر ایک کتاب "معرکہ آراء" لکھ کر کانپور سے پادشاہ وقت کی خدمت میں لاہور بھیجی۔ میرزا امیر علی لاہوری نے مذکورہ کتاب کا جواب بنام "معرکہ شکن" لکھا آخر میں سنیّ مجتہدین اور محدثین کے بارے میں تین فصول کا اضافہ کیا ہے۔ یہ کتاب ۱۲۳۹ ھ کے بعد تالیف ہوئی۔

مخطوطہ نمبر ۲۳۳۰ : نستعلیق عنوانات سرخ ھیں۔ پہلے صفحہ پر کتابخانۂ سید ابو جعفر کی مہر ثبت ہے۔ ۲۳۸ اوراق ، ۲٦ سطور۔ (بحوالہ ص ۲۵).

۵ - **برہان بن حسن نتھر نگری بیجاپوری (تیرھویں صدی ھجری).**
تزوک والا جاھی (تاریخ - فارسی).

نواب کرناٹک آصف الدولہ والا جاہ محمد علی انور الدین بن ابو المظفر جلال الدین شاہ کے اجداد ، اُس کے عہد اور کرناٹک کی تاریخ ہے۔ اس کا ایک حصہ ۱۲۰۰ ھ میں لکھا گیا۔ (احمد منزوی : فہرست نسخۂ خطی فارسی ٦ : ۴٦۳۵ ، محمد اشرف ، فہرست مخطوطات فارسی سالار جنگ میوزیم و کتب خانہ ۱ : ۴۰۴).

مخطوطہ نمبر ۲۷۲٦ : نستعلیق ، ۱۱۹۸ ھ (گویا کتاب کا آخری حصہ مکمل ہونے سے دو سال پہلے کی کتابت ہے۔ نسخہ کے شروع اور آخر میں "حسام اللہ خان بہادر مہر عدم تبدیل" اور نظام الدولہ حسام اللہ خان مذوی" کی مربع مہریں ثبت ھیں۔ پہلے آٹھ صفحات منقش ھیں۔ ۱٦۰ اوراق ، ۱٦ سطور۔ (بحوالہ ص ۹۰ - ۲۸۹).

٦ - **حزمیا (دسویں - گیارھویں صدی ھجری).**
منظومہ در لُغت (لُغت - فارسی)

"نصاب الصبیان" کی تقلید میں ترکی الفاظ کے قزلباش لہجہ کا منظوم فرہنگ ہے۔ ناظم نے یہ کتاب محمد قلی قطب شاہ (۹۸۹ - ۱۰۲۰ ھ) کے نام پر تالیف کی۔

مخطوطہ نمبر ٢٧٨٨ : نستعلیق ، مختصر حواشی موجود هیں ۔ ناقص الاوّل ، ٣۴ اوراق (بحوالہ ص ٥٢ ۔ ٣٥١).

٧ ۔ دلدار علی بن سید محمد معین لکھنوی (م ١٢٣٥ ھ).

ذوالفقار (عقائد ۔ فارسی) .

اس کتاب کا تعارف همارے سابقہ مقالہ (ص ٩٨) میں هو چکا ہے۔

مخطوطہ نمبر ٢٣٣۴ : نستعلیق ، علی رضوی ، ٧ جمادی الاول ١٢٦٢ھ حکم میرزا محمد جعفر کے حکم پر کتابت هوئی ۔ حاشیہ پر تصحیحات موجود هیں ۔ ٩٥ اوراق ۔ ١٧ سطور (بحوالہ ص ۴۴) .

٨ ۔ محمد رفیع الدین (سلطان محمد) بن محمد شمس الدین (تیرهویں صدی هجری) .

ثمرات المکیہ (تصوف ۔ فارسی) .

سلسلہ قادریہ کے اصول تصوف اور اوراد و اعمال پر ہے ۔ مؤلف نے "آداب طریقہ رفاعیہ" ١٢١٣ ھ میں تحریر کئے تھے ۔

مخطوطہ نمبر ٢۴٣٧ : نستعلیق ، سید عبد القادر قادری ، ١٩ شوال ١٣١٢ ھ . ۴٨ اوراق ١٥ سطور . (بحوالہ ص ٢٣) .

٩ ۔ سجاد علی حیدر آبادی .

سفینۃ النجات فی طوفان المهلکات (عقائد ۔ فارسی) ۔

جب هندوستان میں مذهبی معاملات پر آشوب برپا هوا اور مسلمان ایک دوسرے کو غیر معقول باتوں پر قتل کرنے لگے تو مؤلف کو خیال گزرا کہ اپنی کتاب میں صحیح عقائد پیش کرکے حق اور حقیقت کو واضح کرے ۔ چنانچہ آیات کے استدلال کے ساتھ مذهب اهلسنّت کے بنیادی عقائد تین ابواب میں ترتیب دیئے ۔

(اسی نام سے مولوی محمد سعید اسلمی مدراسی (م ١٢٧٢ ھ) کی بھی ایک کتاب موجود ہے).

مخطوطہ نمبر ٢٦٧٢ : نستعلیق ، عنوانات سرخ هیں ۔ حاشیہ پر